More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

اُنیسواں سبق

زمین کی فریاد

مشق

۱۔درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

(الف)نظامِ شمسی میں کتنے سیارے ہیں؟ان کے نام لکھیے۔

جواب: زمین کے علاوہ ہماری دانست میں نظام شمسی کے سات سیارے ہیں،عطارد،زہرہ،مریخ،زحل،یورینس اور نیپچون

(ب)زمین کے اندر سے لاوا کیوں نکلتا ہے؟

جواب:جب زمین کی اندرونی تہوں میں دباؤ بڑھ جاتا ہے تو نہایت گرم لاوا اسکی سطح سے پھٹ کر باہر آجاتا ہے۔

(ج)زمین کون سے دو طریقوں سے گردش کرتی ہے؟

جواب:ایک گردش محوری ہوتی ہے اور دُوسری گردشِ مداری،گردش محوری ۲۴ گھنٹے میں پوری ہوتی ہے اور مداری ایک سال میں۔

(د)زمین کا سورج سے کتنا فاصلہ ہے؟

جواب:اس کا فاصلہ تقریباً چودہ کروڑ چھیانوے لاکھ کلومیٹر ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(ہ) سورج نے اپنی عدالت میں انسان کو کیا حکم دیا؟

جواب: زمین اور انسان کے بیانات اور چاند کی گواہی سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ انسان ہی زمین کی تباہی کا ذمہ دار ہے لہٰذا یہ عدالت انسان کو حکم دیتی ہے کہ وہ زمین کو برباد کرنے والے اقدامات روک دے اور زمین کو بچانے کے لئے ماحول کو درست اور فضا کو آلودہ کرنے کے طریقے چھوڑ کر اسے پھر صاف ستھرا اور اُجلا کر دے۔

۲۔ جملوں میں استعمال کیجئے۔ دھواں، آلودہ، فی صد، گردش، آمدورفت

الفاظ	جملے
دھواں	دھواں دھار بارش ہو رہی ہے۔
آلودہ	سارا ماحول آلودہ ہو گیا ہے۔
فی صد	شمائلہ نے نوے فی صد نمبر حاصل کیے۔
گردش	یہ گردش کا دور جاری رہے گا۔
آمدورفت	اس سڑک پر آمدورفت بڑھ گئی ہے۔

۳۔ اعراب لگائیے۔ مریخ، محور، انحصار، چشم دید، مستقبل۔

جواب: مِرِّیخ۔ مِحْوَر۔ اِنْحِصَار۔ چَشْم دِید۔ مُسْتَقْبِل

۴۔ درست لفظ منتخب کر کے جملے مکمل کیجئے۔

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(الف) دِل لگا کر کام کرنے والے کو محنتی کہتے ہیں۔

(ب) جلد بات بھول جانے والے کو بھلکڑ کہتے ہیں۔

(ج) اچھے کام کرنے والے کو نیک کہتے ہیں۔

(د) ہر ایک سے ڈرنے والے کو ڈرپوک کہتے ہیں۔

(ہ) ہر ایک سے لڑائی کرنے والے کو لڑاکا کہتے ہیں۔

(و) دُوسروں سے بھیک مانگنے والے کو بھکاری کہتے ہیں۔

(ز) اللہ کی راہ میں لڑنے والے کو مجاہد کہتے ہیں۔

(ح) گاؤں میں رہنے والے کو دیہاتی کہتے ہیں۔

(ط) جس کے پاس مال و دولت نہ ہو اسے غریب کہتے ہیں۔

(ی) اللہ کی راہ میں دل کھول کر خرچ کرنے والے کو سخی کہتے ہیں۔

۵۔ دیئے گئے بیانات میں درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

(الف) زمین کا سورج کے گرد ایک چکر مکمل ہوتا ہے۔

(الف) ایک دن میں (ب) ایک سال میں ✓ (ج) ایک ہفتے میں (د) ایک ماہ میں

(ب) مقررہ وقت پر مقدمے کی شروع ہوئی۔

(الف) کارروائی ✓ (ب) فریاد (ج) شنوائی (د) گواہی

(ج) دھوئیں کے ذریعے ہوا میں پیدا ہوتی ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(الف) گیس (ب) آلودگی ✓ (ج) تنگی (د) کشادگی

(د) گندے پانی کے اجزا صحت کے لئے ہوتے ہیں۔

(الف) مناسب (ب) فائدہ مند (ج) مضر ✓ (د) خطرناک

(ہ) مستقبل میں انسان کی غذائی ضروریات کا انحصار ہوگا۔

(الف) تیل پر (ب) مچھلی پر (ج) اناج پر (د) پانی پر ✓

۶۔ کہانی مکمل کیجئے۔

میں اپنے اسکول کی اسکاؤٹ ٹیم کا حصہ ہوں۔ ہماری تربیت اسکاؤٹنگ کے اُصولوں پر ہوئی ہے یعنی دُوسروں کی مدد کرنا۔ایک روز ایسا ہوا کہ ہمارے اسکول کی کینٹین میں آگ لگ گئی۔ بچے خوف زدہ ہوکر اِدھر اُدھر بھاگنے لگے لیکن میں نے اسکاؤٹنگ کی تربیت حاصل کی تھی لہٰذا میں بہادری اور حوصلے سے ڈٹ گیا اور آخر کار آگ پر قابو پالیا۔ مجھے اپنے اسکاؤٹ ہونے پر فخر ہے کیونکہ میں نے اسکے اُصولوں پر عمل کر کے نیکی کا کام کیا تھا۔

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com